City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga

بلدیاتی انتخابات میں آپ کا پہلا ووٹ: 26 اکتوبر کو انتخابات کے دن پر کیا توقع رکھیں

پہلی بار ووٹ ڈالنا ایک اہم قدم محسوس ہو سکتا ہے۔ یہ جانیں کہ ووٹ ڈالنے کے مقام پر پہنچنے سے لے کر اپنا ووٹ ڈالنے تک آپ کو کیا توقع رکھنی چاہیے۔

24 ستمبر 2026

بہت سے لوگوں کے لیے پہلی بار ووٹ ڈالنا ایک پُرجوش سنگِ میل ہوتا ہے۔ یہ ان فیصلوں پر اثرانداز ہونے میں اپنا کردار ادا کرنے کا ایک ایسا موقع بھی ہوتا ہے جو Mississauga میں روزمرہ زندگی کو متاثر کرتے ہیں۔ چاہے آپ حال ہی میں ووٹ دینے کے لیے اہل ہوئے ہوں یا پہلی بار بلدیاتی انتخابات میں حصہ لے رہے ہوں، تو آپ کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ آپ کو کیا توقع رکھنی چاہیے۔ اچھی خبر یہ ہے کہ؟ آپ اکیلے نہیں ہیں۔ درحقیقت، اپنا ووٹ ڈالنا آپ کی سوچ سے کہیں زیادہ آسان ہے۔

ووٹ ڈالنے سے پہلے

آپ کا پہلا ووٹ ڈالنے کا تجربہ، ووٹ ڈالنے کے مقام پر پہنچنے سے پہلے ہی شروع ہو جاتا ہے۔
اپنے وارڈ میں انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں اور ان مسائل کے بارے میں جاننے کے لیے کچھ وقت نکالیں، جو آپ کے لیے سب سے زیادہ اہم ہو سکتے ہیں۔ شاید آپ پبلک ٹرانسپورٹ، پارکوں اور تفریحی سہولیات، رہائش گاہوں یا اس بات میں دلچسپی رکھتے ہوں کہ آنے والے برسوں میں Mississauga ان چیزوں میں کس طرح ترقی کرے گا۔ آپ کی ترجیحات جو بھی ہوں، انتخابات کا دن آپ کو اپنی رائے دینے کا ایک قیمتی موقع فراہم کرتا ہے۔

روانہ ہونے سے پہلے، یقینی بنائیں کہ آپ کو معلوم ہو کہ آپ نے کہاں پر ووٹ ڈالنا ہے اور یہ آپ کے پاس قابلِ قبول شناختی دستاویز بھی لازمی موجود ہونی چاہیے۔ اگر آپ کو ووٹر نوٹیفکیشن کارڈ موصول ہو گیا ہو، تو اسے بھی اپنے ساتھ لے کر جائیں۔ ووٹ ڈالنے کے لیے یہ کارڈ لازمی نہیں ہے، لیکن اس سے ووٹ ڈالنے کا عمل زیادہ تیز اور آسان ہو سکتا ہے۔ پہلے سے تیاری کے لیے چند منٹ نکالنے سے ووٹ ڈالنے کا عمل زیادہ ہموار اور آسان بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔

ووٹ ڈالنے کے مقام پر پہنچنا

جب آپ وہاں پہنچیں گے، تو ممکن ہے کہ آپ کو وہاں پر دوسرے رہائشی بھی نظر آئیں جو آپ ہی کی طرح مقامی جمہوری عمل میں حصہ لینے کے لیے وہاں گئے ہوں گے۔

اگر آپ کچھ تذبذب محسوس کر رہے ہوں، تو بالکل پریشان نہ ہوں۔ انتخابی عملہ پورے عمل کے دوران آپ کی مدد کرنے اور آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دینے کے لیے وہاں پر موجود ہو گا۔ آپ کی معلومات کی تصدیق کے بعد، آپ کو بیلٹ پیپر دے دیا جائے گا اور آگے کیا کرنا ہے کے بارے بھی میں ہدایات فراہم کر دی جائیں گی۔

بہت سے لوگ یہ دیکھ کر حیران ہو جاتے ہیں کہ یہ عمل کتنا آسان ہے۔ رجسٹریشن سے لے کر ووٹ ڈالنے تک، پورے عمل پر اکثر صرف چند منٹ ہی لگتے ہیں۔

اپنی پسند پر نشان لگانا

بیلٹ پیپر حاصل کرنے کے بعد، آپ اپنی پسند پر نشان لگانے کے لیے کسی ایک ووٹنگ بوتھ کی طرف جائیں گے۔

یہ وہی لمحہ ہوتا ہے جس کے لیے آپ تیاری کر رہے تھے۔ جب آپ اپنی پسند کا جائزہ لیں گے، تو آپ اپنی کمیونٹی کی نمائندگی کرنے والے افراد کے انتخاب اور ایسے فیصلے کرنے میں اپنا کردار ادا کریں گے، جو پورے شہر کے رہائشیوں کو متاثر کرتے ہیں۔

بیلٹ پیپر پر موجود اپنی پسند پر نشان لگانے کے بعد، آپ اپنے ووٹ ڈالنے کے مقام پر فراہم کردہ ہدایات کے مطابق اسے جمع کر دیں گے۔ بس اس طرح، آپ اپنا پہلا بلدیاتی ووٹ ڈال چکے ہوں گے۔

صرف ایک بیلٹ پیپر سے کہیں زیادہ

پہلی بار ووٹ ڈالنے والے بہت سے افراد کو یہ تجربہ اس لیے اہم محسوس ہوتا ہے کیونکہ یہ بہت بڑے معنی رکھتا ہے۔

سٹی بہت سی ایسی خدمات کا ذمہ دار ہوتا ہے جنہیں رہائشی روزمرہ استعمال کرتے ہیں۔ ان میں سڑکیں، پارک، کمیونٹی سینٹرز، لائبریریاں اور دیگر ایسی خدمات شامل ہیں جن پر رہائشی انحصار کرتے ہیں۔ ووٹ ڈالنا ایک ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعے آپ اپنے لیے، اپنے محلے اور اپنے شہر کے لیے ان خدمات کے مستقبل کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

ہر ووٹ کمیونٹی کے مستقبل کی تشکیل میں مدد دیتا ہے، کیونکہ اس کے ذریعے کونسل کے ان ارکان کا انتخاب کیا جاتا ہے جو رہائشیوں کی جانب سے اہم فیصلے کرتے ہیں۔

جشن منانے کے قابل ایک اہم سنگِ میل

جب آپ ووٹ ڈالنے کے مقام سے باہر نکلیں گے، تو آپ کو احساس ہو گا کہ یہ تجربہ آپ کی توقع سے کہیں زیادہ آسان تھا۔ اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ آپ نے ایک ایسے عمل میں حصہ لیا ہو گا، جو Mississauga کے مستقبل کی تشکیل میں مدد دے گا۔

بلدیاتی انتخابات میں آپ کا پہلا ووٹ محض کسی فہرست میں ایک کام مکمل کرنے سے کہیں بڑھ کر اہم ہے۔ یہ ایک اہم سنگِ میل، ایک شہری ذمہ داری اور ایسے فیصلوں میں حصہ لینے کا آپ کا موقع ہے جو آج اور آنے والے برسوں میں Mississauga کو متاثر کرتے ہیں۔

اب جبکہ آپ اپنا ووٹ ڈال چکے ہوں گے، تو اس کے بعد آپ پہلی بار ووٹ ڈالنے والے نہیں رہیں گے۔ آپ ان رہائشیوں کی ایک طویل روایت کا حصہ بن چکے ہوں گے جو مقامی انتخابات کے ذریعے اپنی کمیونٹی کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

ووٹ دینے کی اہلیت، ووٹر نوٹیفکیشن کارڈز اور قابلِ قبول شناختی دستاویزات کے بارے میں معلومات کے لیے mississauga.ca/elections ملاحظہ کریں۔

آپ کا ووٹ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے کہ آج اور مستقبل میں Mississauga کی تشکیل کرنے والے فیصلوں میں کمیونٹی کی آوازوں کی نمائندگی موجود ہونی چاہیے۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ:
سٹی آف Mississauga
میڈیا ریلیشنز
media@mississauga.ca
905-615-3200, ext. 5232
TTY: 905-896-5151